## سوال

(482) اسلامی دن کا آغاز کس ٹائم ہوتا ہے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اسلامی دن کا آغاز مغرب کے بعد ہوتا ہے یا عشاء کے بعد؟ ہم نے کسی عالم سے سنا ہے کہ اسلامی دن کا آغاز عشاء کے بعد ہوتا ہے۔ اس سلسلہ میں ہماری راہنمائی فرمائیں۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

چوبیس گھنٹوں کا یوم ایک دن اور ایک رات پر مشتمل ہوتا ہے۔ عرف عام میں دن کا آغاز طلوع آفتاب سے ہوتا ہے جبکہ اسلامی دن کا آغاز طلوع فجر سے غروب آفتاب تک ہے، کیونکہ اسلامی طور پر روزے کی ابتدا طلوع فجر سے ہوتی ہے اور اس کی انتہا غروب آفتاب سے، جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

''فجر کے وقت جب سفید دھاری، سیاہ دھاری سے واضح طور پر نمایاں نہ ہو جائے تو تم کھاؤ اور پیو، پھر رات تک اپنے روزے کو پورا کرو۔'' [۲/البقرہ: ۱۸۷]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک فرمان کے پیش نظر روزے کی انتہا غروب آفتاب تک ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اسلامی دن طلوع فجر سے غروب آفتاب تک ہے، نیز اسلامی یوم میں رات پہلے ہوتی ہے، جیسا کہ غروب آفتاب کے بعد اگر چاند نظر آجائے تو وہ رات اگلے دن میں شمار ہوتی ہے۔ بہر حال اسلامی یوم کا آغاز غروب آفتاب کے بعد ہے، عشاء کے بعد دن کا آغاز ایجاد بندہ ہے۔ اس کی عقلی یا نقلی کوئی دلیل نہیں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ اصحاب الحدیث**

**جلد:2 صفحہ:472**